الحکم للہ والملک للہ

لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۸ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۶ ربیع الثانی ۱۳۳۴ھ مطابق ۲۱ فروری ۱۹۱۶ء | جلد ۲۸

فہرست مضامین

روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۷ فروری ۱۹۱۵ء

منشی محمد ابراہیم علیخان تحصیلدار ملک نے مقدمہ برآمدگی اشرفی ہا مین دحسین سراج الدین سابق ہیڈ کانسٹبل پولیس بھی ملزم ہے، خدمات متعلقہ بدیانت و مستعدی انجام دین۔ لہذا بنظر پسندیدگی خدمات

حکم ہوا کہ

منشی محمد ابراہیم علیخان تحصیلدار کی تنخواہ موجودہ مین پچیس روپیہ ماہوار

اضافہ کیا جائے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۱۸ فروری ۱۹۱۵ء

حسب پیشی عرضداشت لفٹنٹ کرنل صاحب بہادر چیف آف دی اسٹاف سے محسن الزمان ناموزنگار تحریر فوجی کمیٹی مشاہرہ دار پندرہ روپیہ ماہوار کی تنخواہ مین پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۵ فروری ۱۹۱۵ء

حسبۃ تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری رخصت یکماہہ منشی جنگ بہادر انسپکٹر گودام آبکاری بوجہ علالت برادر نامبردہ بغرض روانگی بریلی منظور کی گئی۔

توسیع

۱۹ فروری ۱۹۱۵ء

شمبو دیال سب انسپکٹر کی ملازمت مین چھ ماہ کی توسیع منظور کی گئی۔

اعلان

خلاصہ مثل گم شدگی مہر صاحبزادہ
سید محمد عنایت حسین خانصاحب بہادر عرف ننھا میان صاحب بہادر

تحریر میونسپل افسر صاحب باطلاع گم ہو جانے مہر صاحبزادہ سید محمد عنایت حسین خانصاحب بہادر عرف ننھا میان صاحب مع دیگر سامان محمولہ صندوقچہ بخدمت سپرنٹنڈنٹ صاحب ذات خاص پیش ہوکر صاحبزادہ ننھا میانصاحب بہادر سے کیفیت گم شدگی مہر دریافت کی گئی۔ صاحب موصوف نے تحریر فرمایا کہ واقعی مہر گم ہوگئی ہے اوسکا اعلان اس مضمون سے کرادیا جاوے کہ علاوہ میرے دو تمسک کے جو خزانچی صاحب کے نام ہین جنکا پوری مقدار مین روپیہ ادا نہین ہوا ہے ماہوار تنخواہ سے وضعات ہوتی ہین اگر کوئی رقعہ یا تمسک میرا مہری کا پیش کرکے کوئی شخص دعویدار ہوگا تو قابل سماعت نہوگا اور مین دوسری مہر کندہ کراؤنگا۔ صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر نے بعد دریافت کیفیت قرضہ از خزانچی سرکار ابد قرار کاغذ مندرجہ ذیل سرن خزانچی کے ذمہ صاحبزادہ صاحب موصوف منجملہ قرضہ سابقہ ... اور منجملہ تمسک ... روپیہ کے ... منجملہ مبلغ ... قرضہ لکھا ہے۔ جملہ کاغذات اجلاس ہمایون پیش کئے اجلاس ہمایون سے ۱۸ دسمبر ۱۹۱۵ء کو حکم اندراج گزٹ صادر ہوا۔ لہذا یہ خلاصہ مثل ہذا سے مرتب کرکے بغرض آگاہی ہر خاص و عام گزٹ مین درج کیا جاتا ہے۔

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۴؍ لغایت ۱۰؍ فروری ۱۹۱۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۰۶ار		۱۲ار	۱۰۰۶ار			
نخود خالص	۱۰ار		۱۰۰۱۰ار	۱۰ار			
نخود کسہ آمیز	۱۰۰۱۰ار		۱۱۰ار	۱۰ار			
کسہ	۱۰ار		۰	۰			
ماش	۷۰۰ار		۸ار	۷۰۰ار			
مونگ	۷ار		۸ار	۱۰۰۳ار			
مکا	[illegible]ار		۱۱۰۰ار	۱۰۰۲ار			
جئی	۰		۱۰ار	۰			
گوجئی	۱۱ار		[illegible]ار	۰			
عدس	۸۰۰ار		۹ار	۰			
ارہر	۱۱ار		۱۰ار	۰			
برنج	[illegible]ار		۶۶ار	۱۰۰۳ار			
روغن زرد	۰/۲/۱ار		[illegible]ار	۰/۲/۱ار			
روغن سیاہ	۱۰/۲/۱ار		۱۰۰۲ار	[illegible]ار			
روغن کنجد	[illegible]ار		[illegible]ار	۱۰۰۱ار			
نمک سانبھر	۱۰۰۱۰ار		۱۱۵ار	۱۰ار			
نمک لاہوری	۰		۱۱۳ار	۰			
قند سیاہ	۱۰۰۵ار		۱۰۰۵ار	۱۰۰۵ار			
باجرہ	۱۰ار		۹ار	۱۰ار			

مطبوعہ پریس ریاست رامپور